DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 02.09.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | ژوب ڈویژن کو ایک ممتاز تعلیمی مرکز میں تبدیل کرینگے، گورنر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | صحت وتعلیم میں اصلاحات متعارف کرا رہے ہیں نوجوانوں کو لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | ممکنہ سیلاب، صوبائی وزراء کو سیکرٹری آبپاشی کی بریفنگ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | بیوٹیمز میں ڈے کیئر سینٹر کے قیام کیلئے اقدامات کئے جائیں گے، رابعہ بلیدی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر سمجھوتہ قبول نہیں، سردار عبدالرحمان کھیتران | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | ملکی سلامتی کیلئے جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے قوم کے ہیرو ہیں، سلیم کھوسہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | تعلیم وصحت کے شعبوں پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، ظہور بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | افسران عوامی خدمت کا جذبہ ہمیشہ مقدم رکھیں، چیف سیکرٹری بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | ڈیڈلائن ختم بلوچستان میں افغان مہاجرین کیخلاف کریک ڈاؤن کا آغاز | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | محکمہ پولیس بلوچستان میں ڈی آئی جیز کے تقرر وتبادلے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | دریائے سندھ ست ممکنہ سیلابی ریلوں کی آمد بلوچستان میں مانیٹرنگ کا عمل تیز کردیا گیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی میں ووٹر آگاہی سیشن کا انعقاد | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | ڈی سی کوئٹہ کا اجلاس پرائس کنٹرول، تجاوزات، افغان مہاجرین اور دیگر امور پر غور | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | جعفرا یکسپریس خضدار حملوں اور پہلگام واقعے کی مذمت ایس سی او کا مشترکہ اعلامیہ جاری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | بلوچستان کو توانائی اور صنعتی سرگرمیوں کا مرکز بنانا ہے بلال کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح ہوگیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | خواتین کی انتخابی عمل میں شرکت، یونیورسٹیاں کلیدی کردار ادا کرسکتی ہیں، صوبائی الیکشن کمشنر | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

جبل نور کے مقام پر کوچ پر چھاپہ خفیہ خانوں سے 40 ٹن سگریٹ برآمد، کوئٹہ پولیس کی سٹی نالہ میں کارروائی فائرنگ تبادلہ میں منشیات فروش ہلاک، کوئٹہ جناح روڈ سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد، خضدار لیویز فورس کی کارروائی دو مشکوک افراد گرفتار قبضے میں ایس ایم جی برآمد، سٹی نالے میں پولیس آپریشن منشیات فروشوں کا سرغنہ ہلاک، انتظامیہ کا آپریشن 132 ایکٹر پر کاشت بھنگ کی فصل تلف

## عوامی مسائل:

کوئٹہ ومستونگ میں نوجوانوں کے خطرناک سائیکلنگ، کلی قمبرانی کا ٹیوب ویل چھ ماہ سے خراب علاقہ مکین پانی کی بوند کو ترس گئے،

CS CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 02.09.2025

**اداریہ:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان کے مختلف اضلاع میں سیلاب کا خطرہ، حکومتی سطح پر ہنگامی اقدامات اٹھانے کی ضرورت!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ دریائے سندھ میں پانی کی سطح بلند ہونے کی صورت میں بلوچستان کے اضلاع جعفر آباد، اوستہ محمد اور صحبت پور میں سیلاب آنے کا خطرہ ہے، صوبائی حکومت نے محکمہ آب پاشی کو الرٹ جاری کر دیا 16 مختلف علاقوں میں فلڈ کنٹرول سینٹرز قائم کئے گئے ہیں ڈی جی پی ڈی ایم اے نے صورتحال کو مانیٹر کرنے کیلئے نصیر آباد میں کیمپ آفس قائم کرلیا یہ بات صوبائی وزیر آبپاشی صادق عمرانی نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ دریائے سندھ میں پانی کی سطح بلند ہونے کی صورت میں دو اور تین ستمبر کو سیلاب کا پانی بلوچستان میں داخل ہونے کا امکان ہے جس سے صوبے کے علاقے جعفر آباد، روجھان جمالی، اوستہ محمد اور صحبت پور کے زیر آب آنے کا خدشہ ہے صادق عمرانی کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت سندھ حکومت کے ساتھ مکمل رابطے میں ہے اور صورتحال پر نظر رکھی ہوئی ہے محکمہ آبپاشی نے 16 مختلف اضلاع میں فلڈ کنٹرول سینٹرز قائم کر کے اپنے انتظامات مکمل کر لئے ہیں ان کیمپس میں ضروری مشینری منتقل کر دی گئی ہے دوسری جانب ڈی جی پی ڈی ایم اے جہان زیب خان نے بتایا کہ ممکنہ سیلاب کے پیش نظر میں نے اپنا کیمپ نصیر آباد میں قائم کرلیا ہے سندھ سے ملحقہ تینوں اضلاع میں محفوظ مقامات کی نشاندھی کرلی ہے جہاں کیمپ قائم کئے جارہے ہیں بلوچستان میں اس سے قبل بھی سیلاب سے بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصانات ہوئے تھے کھڑی فصلیں تباہ ہوگئیں تھی اس آفت سے بڑی تعداد میں لوگ متاثر ہوئے کافی بے گھر ہوئے انہیں مجبوراً نقل مکانی کرنا پڑا جبکہ بعض خیموں میں زندگی گزارنے پر مجبور ہوئے۔

**اداریے :**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بلوچستان : تعلیم وصحت کی بحالی اور عالمی تعاون کی اہمیت** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان میں محکمہ ایریگیشن ممکنہ سیلابی صورتحال سے قبل متحرک !**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضمون :**

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**قومی سلامتی اور دہشت گردی کا چیلنج** " کے عنوان سے سلمان عابد نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated 02 SEP 2025 Page No. 1


## ژوب ڈویژن کو ایک ممتاز تعلیمی مرکز میں تبدیل کرینگے، گورنر مندوخیل

**ببلیمز یونیورسٹی کیمپس کے قیام کا مقصد معیاری تعلیمی ادارہ قائم کرنا ہے، اجلاس سے خطاب**

پشین عوامی جرگہ کے ساتھ ترقیاتی کاموں کے وعدوں پر عملدرآمد شروع ہو چکا، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ببلیمز یونیورسٹی کیمپس کے قیام کا مقصد ایک اعلیٰ معیار کا تعلیمی ادارہ قائم کرنا ہے

[illegible]


MASHRIQ QUETTA


## عوامی جرگہ پشین سے کئے وعدوں پر عملدرآمد شروع ہو چکا، گورنر بلوچستان

**ہمارے دورہ پشین کا مقصد عوام کو درپیش مشکلات صحت، تعلیم اور امن وامان سے متعلق حقائق کا براہ راست جائزہ لینا تھا، شیخ جعفر خان مندوخیل**

**تمام مسائل کا فوری حل ممکن نہیں لیکن جس حد تک ہو ہم مشکلات حل کر رہے ہیں، سعد اللہ ترین کی قیادت میں وفد سے بات چیت**

**ژوب ببلیمز کیمپس کا مقصد اعلیٰ معیار تعلیمی ادارہ قائم کرنا جو طلباء کو سہولیات اور وسائل مہیا کرے، یونیورسٹی سے متعلق بریفنگ کے دوران گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کے ڈسٹرکٹ پشین میں عوامی جرگہ کے ساتھ کئے گئے ترقیاتی کاموں کے وعدوں پر عملدرآمد شروع ہو چکا جس کے بہت مثبت اثرات مرتب ہو گئے گذشتہ مہینے میرے دورہ پشین کا مقصد وہاں کے عوام کو درپیش مشکلات خاص طور سے صحت، تعلیم اور امن وامان سے متعلق حقائق کا براہ راست جائزہ لینا اور عوامی مشکلات کا دیرپا حل پیش کرنا تھا۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے ضلعی صدر سعد اللہ ترین کی قیادت میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر


مندوخیل نے کہا کہ تمام مسائل کا فوری حل ممکن تو نہیں ہے تاہم جس حد تک ممکن ہے ہم بعض مسائل کو حل کر رہے ہیں اور بقیہ بھی مستقبل قریب تدریجی انداز میں حل کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ پشین دورے کے دوران ہمارے ساتھ صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، شعیب نوشیروانی، راحیلہ حمید خان درانی، میر عاصم کرد گیلو اور محمد خان لہڑی بھی تھے اور عوامی مسائل اور مشکلات حل کرنے کیلئے تعاون فراہم کیے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ پشین میں موجودہ یونیورسٹی کیمپس کو فل فلیج یونیورسٹی کی اراضی دینگے انہوں نے کہا کہ پشین ہسپتال کی سڑکوں کی فوری طور تعمیر کرینگے، فل وولٹیج بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائیں گے۔ ٹیوب ویل کو سولر سسٹم پر منتقل کر کے ہسپتال کو ضرورت کے مطابق پانی کی فراہمی یقینی بنائیں گے دریں اثناء گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ژوب ببلیمز یونیورسٹی کیمپس کے قیام کا مقصد ایک اعلیٰ معیار کا تعلیمی ادارہ قائم کرنا ہے


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 02 SEP 2025 Page No. 2

بلوچستان، کے پی حملوں میں بیرونی ہاتھ ملوث ہونے کے ثبوت موجود، دنیا دہشتگردی کو بطور ہتھیار استعمال کرنیوالے ممالک کے جھوٹے بیانیے کو تسلیم نہیں کرتی، شہباز شریف

# جعفر ایکسپریس، خضدار حملوں اور پہلگام واقعے کی مذمت

## ایس سی او کا مشترکہ اعلامیہ جاری

شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں دہشتگردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کے خلاف مشترکہ جدوجہد پر اتفاق، سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے یونیورسل سینٹر اور اینٹی ڈرگ سینٹر کے معاہدوں پر دستخط

انسداد دہشتگردی تعاون پروگرام 2025-2027 پر عملدرآمد جاری رکھنے کا اعلان، دہشت گردوں کی سرحد پار نقل وحرکت سمیت دہشت گردی کے تمام پہلوؤں کا موثر انداز میں مقابلہ کیا جائے، اعلامیہ

پاکستان ہمسایوں سے مستحکم تعلقات چاہتا ہے، دہشتگردی امن کیلئے خطرہ، ہمارا معاشی تبدیلی کا منصوبہ تین ستونوں پر مبنی، اپنی نوجوان نسل کو بااختیار بنا رہے ہیں بامقصد روزگار اور مثبت مواقع فراہم کر رہے ہیں

افغانستان میں امن کے خواہاں، ایران پر اسرائیل کی بلاجواز جارحیت قابل مذمت اور ناقابل قبول، غزہ میں جاری ظلم اور بھوک ہمارے اجتماعی ضمیر پر نہ ختم ہونے والا زخم ہے، وزیراعظم کا اجلاس سے خطاب

تیانجن (مشرق نیوز) شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہی اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا ہے جس میں......

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے دہشت گردی کے حوالے سے موقف کی تائید کرتے ہوئے جعفر آباد ایکسپریس اور خضدار میں اسکول بس پر حملوں کی شدید مذمت کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا ہے جس میں دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کے موقف کی تائید کی گئی ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ دہشتگردی پر پاکستان کا موقف ہمیشہ سے واضح اور دو ٹوک رہا ہے جسے پوری دنیا نے تسلیم کیا ہے۔ ایس سی او کے جاری اعلامیہ میں بھی دہشت گردی کی تمام اقسام کو قابل مذمت قرار دینا پاکستان کے موقف کی تائید ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں دہرے معیار کو کسی صورت قبول نہیں کیا جا سکتا۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے جاری اعلامیے میں جعفر ایکسپریس اور خضدار میں بچوں کی سکول بس پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ اعلامیے میں زور دیا گیا ہے کہ دہشت گردوں کی سرحد پار نقل وحرکت سمیت دہشت گردی کے تمام پہلوؤں کا موثر انداز میں مقابلہ کیا جائے۔ اعلامیے کے مطابق شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک نے اس بات پر زور دیا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں، عالمی انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی اور اقوام متحدہ کے اصولوں کے مطابق تمام دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مشترکہ اور موثر کارروائی کی جائے۔

تیانجن (مشرق نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دنیا سیاسی مفادات کیلئے دہشتگردی کو بطور ہتھیار......

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

استعمال کرنیوالے ممالک کے جھوٹے بیانیے کو تسلیم نہیں کرتی، بلوچستان، خیبرپختونخوا میں دہشتگرد حملوں میں بیرونی ہاتھ ملوث ہونے کے ثبوت موجود ہیں، پاکستان امن کا خواہاں اور اپنے تمام ہمسایوں سے معمول کے مستحکم تعلقات چاہتا ہے لیکن انتہا پسندی اور دہشتگردی خطے کے امن کیلئے خطرہ ہے، پاکستان تمام بین الاقوامی و دوطرفہ معاہدوں کا پاسدار ہے، ہمارا معاشی تبدیلی کا منصوبہ تین ستونوں پر مبنی ہے، آگے کا سفر طویل اور کٹھن ہوگا، کبھی تیز دھوپ، کبھی سخت سرد ہوائیں ہمارے حوصلے، صبر اور عزم کا امتحان لیں گے، ہمارا مقصد ہمیں تمام مشکلات کو برداشت کرنے کے قابل بناتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چین کے شہر تیانجن میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایس سی او شاندار میزبانی اور بھرپور انتظامات پر صدر اور حکومت چین کے شکرگزار ہیں، ازبکستان اور کرغزستان کو ان کے یوم آزادی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، شنگھائی تعاون تنظیم علاقائی تعاون و انضمام کے فروغ کیلئے پاکستان کے دیرپا عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ چین کی کامیابیاں صدر شی جن پنگ کی مدبرانہ اور بصیرت افروز قیادت کا نتیجہ ہیں، چین کی عالمی قیادت ایس سی او ہی نہیں بلکہ دیگر نمایاں اقدامات میں بھی نظر آتی ہے، پاکستان ہمیشہ کثیرالجہتی، مکالمے اور سفارت کاری کی طاقت پر یقین رکھتا ہے، کسی بھی ملک کے لیے خودمختاری اور علاقائی سالمیت سے بڑھ کر کچھ نہیں، پاکستان ایس سی او اراکین اور ہمسایہ ممالک کی خودمختاری و علاقائی سالمیت کا احترام کرتا ہے اور تمام بین الاقوامی و دوطرفہ معاہدوں کا پاسدار ہے۔ شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاک۔ چین اقتصادی راہداری (سی پیک) دونوں ممالک کے درمیان بہترین منصوبہ ہے، پاکستان اقوام متحدہ اور ایس سی او کے چارٹرز پر عمل پیرا ہے اور آئندہ بھی کرتا رہے گا، ایران پر اسرائیل کی بلاجواز جارحیت قابل مذمت اور ناقابل قبول ہے جبکہ غزہ میں جاری ظلم اور بھوک ہمارے اجتماعی ضمیر پر نہ ختم ہونے والا زخم ہے، پاکستان اقوام متحدہ کے منظور شدہ دو ریاستی حل کی بھرپور حمایت کرتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں دہشت گرد حملوں میں بیرونی ہاتھ ملوث ہونے کے ثبوت موجود ہیں، گھناؤنے جرائم کے ذمہ داروں، سہولت کاروں کو جواب دہ ہونا ہوگا، پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں اور یہ سلسلہ ملکی سلامتی کے لیے جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا ہے کہ ہمارے پاس جعفر ایکسپریس پر حملے میں غیر ملکی ہاتھ ملوث ہونے کے ناقابل تردید ثبوت ہیں۔

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 54 — منگل 8 ربیع الاول 1447ھ 2 ستمبر 2025ء — نمبر 240


"اس ملک سے جس نے وفا کی اللہ نے اسے عزت بخشی، بے وفائی کرنیوالا رسوا ہوا، نوجوان پاکستان کی خدمت کو اپنا مقصد بنائیں"

# نوجوانوں کو لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلنے کی اجازت نہیں دی جائیگی، سرفراز بگٹی

صحت و تعلیم میں اصلاحات متعارف کرا رہے ہیں

## دہشتگردی کے حوالے سے دہرا معیار ترک کیے جانے تک دنیا میں امن و ترقی کے خواب کو شرمندہ تعبیر نہیں کیا جا سکتا، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف نے ایک بار پھر عالمی سطح پر بلوچستان میں بیرونی پشت پناہی سے جاری دہشت گردی کا مقدمہ بھرپور انداز میں اٹھایا ہے جو نہایت قابل تحسین اقدام ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب تک دہشت گردی کے حوالے سے دوغلے معیار ترک نہیں کیے جاتے، اس وقت تک دنیا میں امن اور ترقی کے خواب کو شرمندہ تعبیر نہیں کیا جا سکتا۔ بلوچستان میں امن دشمن عناصر کو مسلسل بیرونی مدد حاصل رہی ہے اور پاکستان نے ہمیشہ اس سنگین مسئلے کو عالمی برادری کے سامنے اجاگر کیا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن اور خوشحالی چاہتے ہیں لیکن بدقسمتی سے چند عناصر بیرونی ایجنڈے پر عمل پیرا ہو کر ترقی کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ دہشت گردی کے مسئلے پر دوہرا معیار اختیار کرنے کے بجائے اس کے تدارک کے لیے عملی اقدامات کرے تاکہ خطے میں پائیدار امن قائم ہو سکے وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت امن و استحکام کے لیے پرعزم ہے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ دریں اثناء پیر کو یہاں تعمیر نو پبلک کالج کوئٹہ میں اساتذہ اور طلباء سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو ایک منظم سازش کے تحت ریاست سے دور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، تاہم اساتذہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ نوجوان نسل کو حب الوطنی کے جذبے سے سرشار کریں اور انہیں ہر قسم کی بے راہ روی سے محفوظ رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ تعمیر نو پبلک کالج سے اسلام اور پاکستانیت کی خوشبو آتی ہے اور یہاں خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کی روشنی میں طلباء کی بہترین ذہن سازی کی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ اساتذہ اللہ تعالیٰ کے منتخب لوگ ہیں جو معاشرے کو علم کے زیور سے آراستہ کرتے ہیں اور نوجوانوں کی کردار سازی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ ایک سوچے سمجھے پروپیگنڈے کے تحت بلوچستان کے نوجوانوں کو ریاست مخالف جذبات ابھار کر ملک کے خلاف استعمال کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، لیکن تاریخ گواہ ہے کہ جس نے اس ملک سے وفا کی اللہ تعالیٰ نے اسے عزت بخشی اور جس نے پاکستان سے بے وفائی کی وہ رسوا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سوشل میڈیا کا استعمال اکثر منفی انداز میں کیا جاتا ہے اور بغیر تصدیق کے خبریں آگے بڑھا دی جاتی ہیں، جبکہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں سوشل میڈیا سے کل تعلیم، معیشت اور انفراسٹرکچر پر بھرپور سرمایہ کاری کی گئی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ منفی پروپیگنڈے سے متاثر ہونے کے بجائے علم و تحقیق پر توجہ دیں اور پاکستان کی خدمت کو اپنا مقصد بنائیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تشدد کے ذریعے بلوچستان کو آزاد کرنے کا خواب دیکھنے والے خام خیالی میں مبتلا ہیں، بلوچ نوجوانوں کو لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو دنیا کے بہترین تعلیمی اداروں میں اسکالرشپس فراہم کر رہی ہے تاکہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں، جبکہ ریاست مخالف عناصر انہی نوجوانوں کو خودکش حملوں کے لیے تیار کرنے کی مذموم کوشش کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی دنیا کے ہر خطے میں پائی جاتی ہے لیکن اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ ریاست مخالف جذبات کو ہوا دی جائے۔ حکومت کی پالیسیوں پر تنقید ضرور کی جا سکتی ہے مگر ریاست سے غداری کا کوئی جواز نہیں کیونکہ آئین پاکستان کا آرٹیکل 5 ہر شہری پر ریاست سے غیر مشروط وفاداری لازم قرار دیتا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں میرٹ کی بالادستی کو یقینی بنایا جا رہا ہے اور صوبائی حکومت نے بارہ ہزار نوکریاں مکمل شفافیت اور میرٹ پر فراہم کی ہیں انہوں نے اس موقع پر پروفیسر فضل باری شہید بی ایس بلاک کے لیے فنڈز کی بلا تعطل فراہمی اور تعمیر نو کالج کی جانب سے کوئٹہ میں علامہ اقبال انٹرنیشنل کانفرنس کے انعقاد کی تجویز کو بھرپور تعاون فراہم کرنے کا بھی اعلان کیا۔ اس موقع پر اراکین صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، حاجی محمد خان لہڑی، حاجی علی مدد جتک، چیئرمین تعمیر نو ٹرسٹ بریگیڈیئر (ر) عبدالجلیل خان، سیکریٹری تعمیر نو ٹرسٹ محمد نسیم خان لہڑی اور دیگر شخصیات بھی موجود تھیں تقریب کے آخر میں چیئرمین تعمیر نو ٹرسٹ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو یادگاری سووینئر بھی پیش کیا۔

## پاک فوج کے جوانوں کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، وزیر اعلیٰ

ان کی لازوال قربانیاں آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں، ہیلی کاپٹر حادثے پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے راولپنڈی کے قریب پیش آنے والے پاک فوج کے ہیلی کاپٹر حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس افسوسناک واقعے میں شہید ہونے والے میجر عاطف (پائلٹ ان کمانڈ)، میجر فیصل (کو پائلٹ)، نائب صوبیدار مقبول (فلائٹ انجینئر)، حوالدار جہانگیر (کریو چیف) اور نائیک عامر (کریو چیف) کے درجات کی بلندی کی دعا کی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی پاک فوج کے جوانوں کی عظیم قربانیاں تاریخ کا درخشاں باب ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا انہوں نے کہا کہ شہداء کی بدولت آج پاکستان کے عوام محفوظ اور مطمئن ہیں جبکہ ان کی لازوال قربانیاں آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کے ساتھ ہے اور ان کے غم میں برابر کی شریک ہے۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی تعمیر نو پبلک کالج کے دورے کے موقع پر طلباء سے خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سولرائزیشن اور حب سالڈ ویسٹ پلانٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITA[N]

نظامت اعلیٰ تعلقا[ت عامہ]
حکومت بلوچ[ستان]

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | منگل 08 ربیع الاول 1447ھ 02 ستمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 58

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email mashriqqta2008@gmail | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

Bullet No. ۱

Page No. 4

# نوجوانوں کو سازش کے تحت ریاست سے دور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، سرفراز بگٹی

**سوشل میڈیا کا استعمال اکثر منفی انداز میں کیا جاتا ہے اور بغیر تصدیق کے خبریں آگے بڑھا دی جاتی ہیں، وزیر اعلیٰ**

**تعمیر نو پبلک کالج ایسا ادارہ ہے جس نے نوجوانوں اور طلباء کی بہترین ذہن سازی کی، اساتذہ و طلباء سے خطاب**

**وزیر اعظم شہباز شریف نے عالمی سطح پر بلوچستان میں بیرونی پشت پناہی سے جاری دہشتگردی کا مقدمہ بھرپور انداز میں اٹھایا**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو ایک منظم سازش کے تحت ریاست سے دور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، تاہم اساتذہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ نوجوان نسل کو حب الوطنی کے جذبے سے سرشار کریں اور انہیں ........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ہر قسم کی بے راہ روی سے محفوظ رکھیں پیر کو یہاں تعمیر نو پبلک کالج کوئٹہ میں اساتذہ اور طلباء سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اس ادارے سے اسلام اور پاکستانیت کی خوشبو آتی ہے اور یہاں خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں طلباء کی بہترین ذہن سازی کی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ اساتذہ اللہ تعالیٰ کے منتخب لوگ ہیں جو معاشرے کو علم کے زیور سے آراستہ کرتے ہیں اور نوجوانوں کی کردار سازی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ایک سوچے سمجھے پروپیگنڈے کے تحت بلوچستان کے نوجوانوں کو ریاست مخالف جذبات ابھار کر ملک کے خلاف استعمال کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، لیکن تاریخ گواہ ہے کہ جس نے اس ملک سے وفا کی اللہ تعالیٰ نے اسے عزت بخشی اور جس نے پاکستان سے بے وفائی کی وہ رسوا ہوا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سوشل میڈیا کا استعمال اکثر منفی انداز میں کیا جاتا ہے اور بغیر تصدیق کے خبریں آگے بڑھا دی جاتی ہیں، جبکہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں سوشل میڈیا سے قبل تعلیم، معیشت اور انفراسٹرکچر پر بھرپور سرمایہ کاری کی گئی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ منفی پروپیگنڈے سے متاثر ہونے کے بجائے علم و تحقیق پر توجہ دیں اور پاکستان کی خدمت کو اپنا مقصد بنائیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تشدد کے ذریعے بلوچستان کو آزاد کرنے کا خواب دیکھنے والے خام خیالی میں مبتلا ہیں، بلوچ نوجوانوں کو لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلنے کی

اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو دنیا کے بہترین تعلیمی اداروں میں اسکالرشپس فراہم کر رہی ہے تاکہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں، جبکہ ریاست مخالف عناصر انہی نوجوانوں کو خودکش حملوں کے لیے تیار کرنے کی مذموم کوشش کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی دنیا کے ہر خطے میں پائی جاتی ہے لیکن اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ ریاست مخالف جذبات کو ہوا دی جائے۔

## پاک فوج کے جوانوں کی عظیم قربانیاں تاریخ کا درخشاں باب ہیں، میر سرفراز بگٹی

**راولپنڈی کے قریب پاک فوج کے ہیلی کاپٹر حادثے میں افسران اور جوانوں کی شہادت پر اظہار افسوس**

**شہداء کی بدولت پاکستان کے عوام محفوظ اور مطمئن، شہداء کے خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے راولپنڈی کے قریب پیش آنے والے پاک فوج کے ہیلی کاپٹر حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس افسوسناک واقعے میں شہید ہونے والے میجر عاطف (پائلٹ ان کمانڈ)، میجر فیصل (کو پائلٹ)، نائب صوبیدار مقبول (فلائٹ ........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

انجینئر)، حوالدار جہانگیر (کریو چیف) اور نائیک عامر (کریو چیف) کے درجات کی بلندی کی دعا کی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی پاک فوج کے جوانوں کی عظیم قربانیاں تاریخ کا درخشاں باب ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے یونیسف کنٹری ریپریزنٹیٹو پرنیلے آئرن سائیڈ ملاقات کر رہی ہیں

# صحت و تعلیم کے شعبوں میں مربوط حکمت عملی پر عمل کیا جا رہا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

**بلوچستان میں پولیو کے خاتمے اور روٹین ایمونائزیشن کی مہم کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں**

**سال کے اختتام تک بلوچستان میں کوئی بھی اسکول بند نہیں رہے گا، صوبے میں سیلاب کی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں**

**یونیسف حکام کی ملاقات، محکمہ صحت کے اسٹاف کی تکنیکی معاونت اور استعداد کار بڑھانے کیلئے تربیت فراہم کرنے کی پیشکش**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کو یہاں پاکستان میں یونیسف کی کنٹری ریپریزنٹیٹو پرنیلے آئرن سائیڈ نے وزیر اعلیٰ ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی، ملاقات میں بلوچستان میں پولیو کے خاتمے، روٹین ایمونائزیشن، تعلیم اور صحت کے شعبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ مؤثر باہمی رابطہ کاری اور مربوط حکمت عملی کے ذریعے عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو مزید بار آور بنایا جائے گا یونیسف نے اس موقع پر محکمہ صحت بلوچستان کے اسٹاف کی تکنیکی معاونت اور استعداد کار بڑھانے کے لیے خصوصی ........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

تربیت فراہم کرنے کی پیشکش بھی کی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بڑے پیمانے پر اصلاحات متعارف کروا رہی ہے انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے اور روٹین ایمونائزیشن کی مہم کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مربوط حکمت عملی پر عمل کیا جا رہا ہے اور پرائمری ہیلتھ کیئر کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے غیر معمولی وسائل مختص کیے گئے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صحت و تعلیم کے شعبوں میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے کے لیے کنٹریکٹ بھرتیوں کا عمل تیز رفتاری سے جاری ہے



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی تعمیر نو پبلک کالج کوئٹہ کے دورے کے موقع پر اساتذہ سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 259 | منگل، 8 ربیع الاوّل، 2 ستمبر 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# تشدد کے ذریعے بلوچستان آزاد کرانا خام خیالی ہے، وزیراعلیٰ

## ہمارے نوجوانوں کو منظم سازش کے ذریعے ریاست سے دور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، تعمیر نو کالج میں خطاب

## وزیراعظم نے بلوچستان میں بیرونی پشت پناہی سے جاری دہشت گردی کا مقدمہ بھرپور انداز میں لڑا، ایکس پر اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو ایک منظم سازش کے تحت ریاست سے دور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، تاہم اساتذہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ نوجوان نسل کو حب الوطنی کے جذبے سے سرشار کریں اور انہیں ہر قسم کی (باقی صفحہ 5 نمبر 1)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے ایک بار پھر عالمی سطح (باقی صفحہ 5 نمبر 2)

پر بلوچستان میں بیرونی پشت پناہی سے جاری دہشت گردی کا مقدمہ بھرپور انداز میں اٹھایا ہے جو نہایت قابل تحسین اقدام ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب تک دہشت گردی کے حوالے سے دوغلے معیار ترک نہیں کیے جاتے، اس وقت تک دنیا میں امن اور ترقی کے خواب کو شرمندہ تعبیر نہیں کیا جا سکتا۔ بلوچستان میں امن دشمن عناصر کو مسلسل بیرونی مدد حاصل رہی ہے اور پاکستان نے ہمیشہ اس سنگین مسئلے کو عالمی برادری کے سامنے اجاگر کیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن اور خوشحالی چاہتے ہیں لیکن بدقسمتی سے چند عناصر بیرونی ایجنڈے پر عمل پیرا ہو کر ترقی کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ دہشت گردی کے مسئلے پر دوہرا معیار اختیار کرنے کے بجائے اس کے تدارک کے لیے عملی اقدامات کرے تاکہ خطے میں پائیدار امن قائم ہو سکے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت امن و استحکام کے لیے پرعزم ہے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بے راہ روی سے محفوظ رکھیں۔ تعمیر نو پبلک کالج کوئٹہ میں اساتذہ اور طلباء سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اس ادارے سے اسلام اور پاکستانیت کی خوشبو آتی ہے اور یہاں خاتم النبیین حضرت محمد کی تعلیمات کی روشنی میں طلباء کی بہترین ذہن سازی کی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ اساتذہ اللہ تعالیٰ کے منتخب لوگ ہیں جو معاشرے کو علم کے زیور سے آراستہ کرتے ہیں اور نوجوانوں کی کردار سازی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایک سوچے سمجھے پروپیگنڈے کے تحت بلوچستان کے نوجوانوں کو ریاست مخالف جذبات ابھار کر ملک کے خلاف استعمال کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، لیکن تاریخ گواہ ہے کہ جس نے اس ملک سے وفا کی اللہ تعالیٰ نے اسے عزت بخشی اور جس نے پاکستان سے بے وفائی کی وہ رسوا ہوا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سوشل میڈیا کا استعمال اکثر منفی انداز میں کیا جاتا ہے اور بغیر تصدیق کے خبریں آگے بڑھا دی جاتی ہیں، جبکہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں سوشل میڈیا سے قبل تعلیم، معیشت اور انفراسٹرکچر پر بھرپور سرمایہ کاری کی گئی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ منفی پروپیگنڈے سے متاثر ہونے کے بجائے علم و تحقیق پر توجہ دیں اور پاکستان کی خدمت کو اپنا مقصد بنائیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تشدد کے ذریعے بلوچستان کو آزاد کرنے کا خواب دیکھنے والے خام خیالی میں مبتلا ہیں، بلوچ نوجوانوں کو لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو دنیا کے بہترین تعلیمی اداروں میں اسکالرشپس فراہم کر رہی ہے تاکہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں، جبکہ ریاست مخالف عناصر انہی نوجوانوں کو خودکش حملوں کے لیے تیار کرنے کی مذموم کوشش کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی دنیا کے ہر خطے میں پائی جاتی ہے لیکن اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ ریاست مخالف جذبات کو ہوا دی جائے۔ حکومت کی پالیسیوں پر تنقید ضرور کی جا سکتی ہے مگر ریاست سے غداری کا کوئی جواز نہیں کیونکہ آئین پاکستان کا آرٹیکل 5 ہر شہری پر ریاست سے غیر مشروط وفاداری لازم قرار دیتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں میرٹ کی بالادستی کو یقینی بنایا جا رہا ہے اور صوبائی حکومت نے بارہ ہزار نوکریاں مکمل شفافیت اور میرٹ پر فراہم کی ہیں انہوں نے اس موقع پر پروفیسر فضل باری شہید بی ایس بلاک کے لیے فنڈز کی بلاتعطل فراہمی اور تعمیر نو کالج کی جانب سے کوئٹہ میں علامہ اقبال انٹرنیشنل کانفرنس کے انعقاد کی تجویز کو بھرپور تعاون فراہم کرنے کا بھی اعلان کیا خطاب کے دوران وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہمیں اپنے دلوں میں پاکستان سے محبت کو پیوست کرنا ہے کیونکہ یہی ہماری اصل طاقت اور کامیابی کی ضمانت ہے اس موقع پر اراکین صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، حاجی محمد خان لہڑی، حاجی علی مدد جتک، چیئرمین تعمیر نو ٹرسٹ بریگیڈیئر (ر) عبدالجلیل خان، سیکریٹری تعمیر نو ٹرسٹ محمد نسیم خان لہڑی اور دیگر شخصیات بھی موجود تھیں تقریب کے آخر میں چیئرمین تعمیر نو ٹرسٹ نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو یادگاری سوونیئر بھی پیش کیا۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے یونیسیف کنٹری ریپریزنٹیٹو پرنیلے آئرن سائیڈ ملاقات کر رہی ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی تعمیر نو پبلک کالج کوئٹہ کے دورے کے موقع پر طلباء سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Dai[ly] روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

Bullet No. 1

Page No. 6


# صحت و تعلیم کے شعبوں میں اصلاحات جاری ہیں، سرفراز بگٹی

## پولیو کے خاتمے اور روٹین ایمونائزیشن مہم کیلئے مربوط حکمت عملی اپنائی گئی، بات چیت

### راولپنڈی کے قریب ہیلی کاپٹر حادثے پر افسوس، پاک فوج کی قربانیاں درخشندہ باب، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان میں یونیسف کی کنٹری ریپریزنٹیٹو پرنیلے آئرن سائیڈ نے وزیر اعلیٰ ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی، ملاقات میں بلوچستان میں پولیو کے خاتمے، روٹین ایمونائزیشن، تعلیم اور صحت کے شعبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ موثر باہمی رابطہ کاری اور مربوط حکمت عملی کے ذریعے عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو مزید بار آور بنایا جائے گا یونیسف نے اس موقع پر محکمہ صحت (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

بلوچستان کے اسٹاف کی تکنیکی معاونت اور استعداد کار بڑھانے کے لیے خصوصی تربیت فراہم کرنے کی پیشکش بھی کی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بڑے پیمانے پر اصلاحات متعارف کروا رہی ہے انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے اور روٹین ایمونائزیشن کی مہم کو مزید موثر بنانے کے لیے مربوط حکمت عملی پر عمل کیا جا رہا ہے اور پرائمری ہیلتھ کیئر کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے غیر معمولی وسائل مختص کیے گئے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صحت و تعلیم کے شعبوں میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے کے لیے کنٹریکٹ بھرتیوں کا عمل تیز رفتاری سے جاری ہے تاکہ عوام کو مقامی سطح پر سہولیات فراہم کی جا سکیں انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران صوبے میں 3200 بند اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا جبکہ رواں برس مزید 1200 نئے کمیونٹی اسکول قائم کرنے کا ہدف رکھا گیا ہے وزیر اعلیٰ نے عزم ظاہر کیا کہ سال کے اختتام تک بلوچستان میں کوئی بھی اسکول بند نہیں رہے گا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت سندھ سے ملحقہ اضلاع میں ممکنہ سیلابی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے اور بارڈر ایریاز میں پیشگی اقدامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے تاکہ عوام کو قدرتی آفات کے نقصانات سے محفوظ رکھا جا سکے انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت صوبے میں خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور اس سلسلے میں پہلا ویمن اکنامک امپاورمنٹ انڈومنٹ فنڈ قائم کیا جا چکا ہے جو خواتین کی معاشی شمولیت اور خود انحصاری کے فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے یونیسف کی جانب سے صحت و تعلیم سمیت بچوں کی فلاح و بہبود کے لیے جاری تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ عالمی اداروں کی شراکت داری سے بلوچستان میں عوامی سہولیات کے منصوبے زیادہ مستحکم اور نتیجہ خیز بنائے جا رہے ہیں اس موقع پر یونیسف کی کنٹری ریپریزنٹیٹو پرنیلے آئرن سائیڈ نے کہا کہ یونیسف بلوچستان حکومت کے ساتھ مل کر صحت، تعلیم اور بچوں کی فلاح و بہبود کے لیے تعاون جاری رکھے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بچوں کی تعلیم، صحت اور تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے یونیسف ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے راولپنڈی کے قریب پیش آنے والے پاک فوج کے ہیلی کاپٹر حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس افسوسناک واقعے میں شہید ہونے والے میجر عاطف (پائلٹ ان کمانڈ)، میجر فیصل (کو پائلٹ)، نائب صوبیدار مقبول (فلائٹ انجینئر)، حوالدار جہانگیر (کریو چیف) اور نائیک عامر (کریو چیف) کے درجات کی بلندی کی دعا کی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی پاک فوج کے جوانوں کی عظیم قربانیاں تاریخ کا درخشاں باب ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا انہوں نے کہا کہ شہداء کی بدولت آج پاکستان کے عوام محفوظ اور مطمئن ہیں جبکہ ان کی لازوال قربانیاں آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کے ساتھ ہے اور ان کے غم میں برابر کی شریک ہے۔

CS CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

www.dailyintekhab.pk
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph.081-2822909

قیمت 30 روپے

جلد نمبر 32 | بروز منگل 2 ستمبر 2025ء بمطابق 8 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 240




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سول ایڈمنسٹریشن اور صحت پالیسی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# سیلابی صورتحال، بارڈر ایریاز میں پیشگی اقدامات کو عملی شکل دی جا رہی ہے، سرفراز بگٹی

صحت و تعلیم کے شعبوں میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے کیلئے کنٹریکٹ بھرتیوں کا عمل تیز رفتاری سے جاری ہے تاکہ عوام کو مقامی سطح پر سہولیات فراہم کی جا سکیں

پولیو کے خاتمے اور روٹین امیونائزیشن کی مہم کو مزید موثر بنانے کیلئے مربوط حکمت عملی پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (ء ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو یہاں پاکستان میں یونیسف کی کنٹری ریپریزنٹیٹو پرنیل آئرن سائیڈ نے وزیراعلیٰ ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی، ملاقات میں بلوچستان میں پولیو کے خاتمے، روٹین امیونائزیشن، تعلیم اور صحت کے شعبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ موثر باہمی رابطہ کاری اور مربوط حکمت عملی کے ذریعے عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو مزید پائیدار اور بنایا جائے گا یونیسف نے اس موقع پر محکمہ صحت بلوچستان کے اسٹاف کی تکنیکی معاونت اور استعداد کار بڑھانے کے لیے خصوصی تربیت فراہم کرنے کی یقین دہانی بھی کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر

بقیہ نمبر 2 صفحہ 6 پر

سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بڑے پیمانے پر اصلاحات متعارف کروا رہی ہے انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے اور روٹین امیونائزیشن کی مہم کو مزید موثر بنانے کے لیے مربوط حکمت عملی پر عمل کیا جا رہا ہے اور پرائمری ہیلتھ کیئر کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے غیر معمولی وسائل مختص کیے گئے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ صحت و تعلیم کے شعبوں میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے کے لیے کنٹریکٹ بھرتیوں کا عمل تیز رفتاری سے جاری ہے تاکہ عوام کو مقامی سطح پر سہولیات فراہم کی جا سکیں انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران صوبے میں 3200 بند اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا جبکہ رواں برس مزید 1200 نئے کمیونٹی اسکول قائم کرنے کا ہدف رکھا گیا ہے وزیراعلیٰ نے عزم ظاہر کیا کہ سال کے اختتام تک بلوچستان میں کوئی بھی اسکول بند نہیں رہے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت سندھ سے ملحقہ اضلاع میں ممکنہ سیلابی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے اور بارڈر ایریاز میں پیشگی اقدامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے تاکہ عوام کو قدرتی آفات کے نقصانات سے محفوظ رکھا جا سکے انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت صوبے میں خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔

# نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنے کی سازش ہو رہی ہے، وزیراعلیٰ

اساتذہ بلوچستان کے نوجوانوں کو حب الوطنی کے جذبے سے سرشار کریں اور انہیں ہر قسم کی بے راہ روی سے دور رکھیں

بلوچستان میں سوشل میڈیا کا استعمال اکثر منفی انداز میں کیا جاتا ہے، تعمیر نو پبلک کالج کوئٹہ میں خطاب

کوئٹہ (ء ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو ایک منظم سازش کے تحت ریاست سے دور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، تاہم اساتذہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ نوجوان نسل کو حب الوطنی کے جذبے سے سرشار کریں اور انہیں ہر قسم کی بے راہ روی سے محفوظ رکھیں پیر کو یہاں تعمیر نو پبلک کالج کوئٹہ میں اساتذہ اور طلباء

بقیہ نمبر 61 صفحہ 6 پر

سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اس ادارے سے اسلام اور پاکستانیت کی خوشبو آتی ہے اور یہاں خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں طلباء کی بہترین ذہن سازی کی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ اساتذہ اللہ تعالیٰ کے منتخب لوگ ہیں جو معاشرے کو علم کے زیور سے آراستہ کرتے ہیں اور نوجوانوں کی کردار سازی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایک سوچے سمجھے پروپیگنڈے کے تحت بلوچستان کے نوجوانوں کو ریاست مخالف جذبات ابھار کر ملک کے خلاف استعمال کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، لیکن تاریخ گواہ ہے کہ جس نے اس ملک سے وفا کی اللہ تعالیٰ نے اسے عزت بخشی اور جس نے پاکستان سے بے وفائی کی وہ رسوا ہوا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سوشل میڈیا کا استعمال اکثر منفی انداز میں کیا جاتا ہے اور بغیر تصدیق کے خبریں آگے بڑھا دی جاتی ہیں، جبکہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں سوشل میڈیا سے کمل تعلیم، معیشت اور انفراسٹرکچر پر بھرپور سرمایہ کاری کی گئی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ منفی پروپیگنڈے سے متاثر ہونے کے بجائے علم و تحقیق پر توجہ دیں اور پاکستان کی خدمت کو اپنا مقصد بنائیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تشدد کے ذریعے بلوچستان کو آزاد کرنے کا خواب دیکھنے والے خام خیالی میں مبتلا ہیں، بلوچ نوجوانوں کو لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

# بلوچستان کے عوام امن و خوشحالی چاہتے ہیں، وزیراعلیٰ

وزیراعظم نے ایک بار پھر عالمی سطح پر بلوچستان میں دہشت گردی کا مقدمہ بھرپور انداز میں اٹھایا ہے

کوئٹہ (ء ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے ایک بار پھر عالمی سطح پر بلوچستان میں بیرونی پشت پناہی سے جاری دہشت گردی کا مقدمہ بھرپور انداز میں اٹھایا ہے جو نہایت قابل تحسین اقدام ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال

بقیہ نمبر 40 صفحہ 5 پر

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب تک دہشت گردی کے حوالے سے دوہرے معیار ترک نہیں کیے جاتے، اس وقت تک دنیا میں امن اور ترقی کے خواب کو شرمندہ تعبیر نہیں کیا جا سکتا۔ بلوچستان میں امن دشمن عناصر کو مسلسل بیرونی مدد حاصل رہی ہے اور پاکستان نے ہمیشہ اس سنگین مسئلے کو عالمی برادری کے سامنے اجاگر کیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن اور خوشحالی چاہتے ہیں لیکن بدقسمتی سے چند عناصر بیرونی ایجنڈے پر عمل پیرا ہو کر ترقی کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ دہشت گردی کے مسئلے پر دوہرا معیار اختیار کرنے کے بجائے اس کے تدارک کے لیے عملی اقدامات کرے تاکہ خطے میں پائیدار امن قائم ہو سکے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت امن و استحکام کے لیے پرعزم ہے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہرممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

# آرمی ہیلی کاپٹر حادثہ، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا گہرے دکھ و افسوس کا اظہار

شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے دعا، اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (ء ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے راولپنڈی کے قریب پیش آنے والے پاک فوج کے ہیلی کاپٹر حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس افسوسناک واقعے میں شہید ہونے والے میجر عاطف (پائلٹ ان کمانڈ)

بقیہ نمبر 60 صفحہ 6 پر

میجر فیصل (کو پائلٹ)، نائب صوبیدار مقبول (فلائٹ انجینئر)، حوالدار جہانگیر (کریو چیف) اور نائیک عامر (کریو چیف) کے درجات کی بلندی کی دعا کی وزیراعلیٰ بلوچستان نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی پاک فوج کے جوانوں کی عظیم قربانیاں تاریخ کا درخشاں باب ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا انہوں نے کہا کہ شہداء کی بدولت آج پاکستان کے عوام محفوظ اور مطمئن ہیں جبکہ ان کی لازوال قربانیاں آنے والی نسلوں کیلئے مشعل راہ ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کے ساتھ ہے اور ان کے غم میں برابر کی شریک ہے۔

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | منگل 02 ستمبر 2025ء بمطابق 08 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 239


# سال کے اختتام تک بلوچستان میں کوئی بھی اسکول بند نہیں رہے گا، وزیر اعلیٰ

**گزشتہ ایک سال کے دوران صوبے میں 3200 بند اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا جبکہ رواں برس مزید 1200 سے کمیونٹی اسکول قائم کرنے کا ہدف رکھا گیا ہے**

**پاکستان میں یونیسف کی کنٹری ریپریزنٹیٹو پرنیلے آئرن سائیڈ کی میر سرفراز بگٹی سے ملاقات، پولیو کے خاتمے، روٹین امیونائزیشن، تعلیم اور صحت کے شعبوں پر تبادلہ خیال**

**صحت و تعلیم کے شعبوں میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے کے لیے کنٹریکٹ بھرتیوں کا عمل تیز رفتاری سے جاری ہے تاکہ عوام کو مقامی سطح پر سہولیات فراہم کی جا سکیں، وزیر اعلیٰ**

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان میں یونیسف کی کنٹری ریپریزنٹیٹو پرنیلے آئرن سائیڈ نے وزیر اعلیٰ ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی، ملاقات میں بلوچستان میں پولیو کے خاتمے، روٹین امیونائزیشن، تعلیم اور صحت کے شعبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ مؤثر باہمی رابطہ کاری اور مربوط حکمت عملی کے ذریعے عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو مزید بار آور بنایا جائے گا یونیسف نے اس موقع پر محکمہ صحت بلوچستان کے اسٹاف کی تکنیکی معاونت اور استعداد کار بڑھانے کے لیے خصوصی تربیت فراہم کرنے کی پیشکش بھی کی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بڑے پیمانے پر اصلاحات متعارف کروا رہی ہے انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے اور روٹین امیونائزیشن کی مہم کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مربوط حکمت عملی پر عمل کیا جا رہا ہے اور پرائمری ہیلتھ کیئر کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے غیر معمولی وسائل مختص کیے گئے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صحت و تعلیم کے شعبوں میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے کے لیے کنٹریکٹ بھرتیوں کا عمل تیز رفتاری سے جاری ہے تاکہ عوام کو مقامی سطح پر سہولیات فراہم کی جا سکیں انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران صوبے میں 3200 بند اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا جبکہ رواں برس مزید 1200 سے کمیونٹی اسکول قائم کرنے کا ہدف رکھا گیا ہے۔

# بلوچستان میں امن دشمن عناصر کو مسلسل بیرونی مدد حاصل رہی ہے

**میر سرفراز بگٹی**

**دہشت گردی کے حوالے سے دوغلا معیار ترک کیے بغیر دنیا میں امن اور ترقی کے خواب کو شرمندہ تعبیر نہیں کیا جا سکتا**

**وزیر اعظم نے ایک بار پھر عالمی سطح پر بلوچستان میں بیرونی پشت پناہی سے جاری دہشت گردی کا مقدمہ بھرپور انداز میں اٹھایا ہے**

دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ تعلیم ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ضلع کیچ میں محکمہ تعلیم کے افسران اور اسکول سربراہان کے ساتھ منعقدہ مشاورتی اجلاس میں کوالٹی ایجوکیشن، اساتذہ کی غیر حاضری پر قابو پانے، اسکول داخلوں میں اضافے، ڈراپ آؤٹ کی شرح کم کرنے اور اسکول سے باہر بچوں کو اسکول میں لانے جیسے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس میں دی گئی تجاویز محکمہ تعلیم کے اعلیٰ حکام تک پہنچا کر ضلع کیچ میں تعلیمی نظام کی مزید بہتری کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ دریں اثناء صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ کوئٹہ میں جی آر پی نرسنگ اسکول کا قیام صوبے میں صحت کے شعبے کی بہتری کے لئے ایک خوش آئند اقدام ہے انہوں نے کہا ہے

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 02 SEP 2025 Page No. 20

## غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کیلئے اقدامات تیز کئے جائیں، چیف سیکرٹری

### سرکاری افسران عوام کی خدمت اور ان کے لئے آسانیاں پیدا کریں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (ع ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ سرکاری افسران عوام کی خدمت اور ان کے لئے آسانیاں پیدا کریں، آفیسران اپنے فرائض منصبی ایمانداری اور عوام کی خدمت سمجھ کر سرانجام دیں، عوامی خدمت میں دیانت داری، جذبے کے ساتھ کام کرنا، اور عوام کے ساتھ حسن سلوک کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ضلعی سطح پر ترقیاتی منصوبے، کھلی کچہریوں کا انعقاد، آرکائیولوجیکل سائنس کی حفاظت، غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی سمیت دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ آثار قدیمہ کے مقامات ماضی کی تاریخ کی عکاسی کرتے ہیں، ان کی حفاظت، تحقیق اور فروغ ہر ایک کی ذمہ داری ہے تاکہ ماضی کا علمی خزانہ محفوظ رہے اور آئندہ نسلوں کے علم و آگاہی کا ذریعہ بنے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز عوام کے مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہریاں منعقد کریں، عوامی مسائل کا فوری اور موثر حل فراہم کرنا حکومت کی اہم ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کو برقرار رکھنے کے لیے حکومت اور متعلقہ اداروں نے مختلف اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے محکمہ تعلیم اور صحت میں عارضی بنیادوں پر تعینات اساتذہ اور ڈاکٹرز کو فوری طور تنخواہیں ادا کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ پی او آر کارڈ ہولڈرز کی وطن واپسی کے لیے اقدامات تیز کیے جائیں۔

MASHRIQ QUETTA

## افسران عوامی خدمت کا جذبہ ہمیشہ مقدم رکھیں، چیف سیکرٹری بلوچستان

### سرکاری افسران عوام کی خدمت میں آسانیاں پیدا اور فرائض ایمانداری کیساتھ سرانجام دیں، شکیل قادر خان

### ڈپٹی کمشنرز عوام کے مسائل کے حل کیلئے کھلی کچہریاں منعقد کریں تاکہ شہری اپنی شکایات اور مسائل براہ راست پیش کر سکیں

کوئٹہ (ع ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ سرکاری آفیسران عوام کی خدمت اور ان کے لئے آسانیاں پیدا کرے، آفیسران اپنے فرائض منصبی ایمانداری اور عوام کی خدمت سمجھ کر سرانجام دیں تاکہ لوگوں کے مسائل بروقت حل ہوسکیں اور انہیں ریلیف مل سکے، عوامی خدمت میں دیانت داری، جذبے کے ساتھ کام کرنا، اور عوام کے ساتھ حسن سلوک کو بہت اہمیت حاصل ہے تاکہ عوام کا حکومت پر اعتماد مستحکم رہے اور عوامی خدمت کا جذبہ ہمیشہ مقدم رہنا چاہیے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

اجلاس میں ضلعی سطح پر ترقیاتی منصوبے، کھلی کچہریوں کا انعقاد، آرکائیولوجیکل سائنس کی حفاظت، غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی سمیت دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیا گیا چیف سیکرٹری نے کہا کہ آثار قدیمہ کے مقامات ماضی کی تاریخ کی مکاسی کرتے ہیں، جہاں قدیم اقوام اور ثقافتوں کے انکام زندگی، رہن سہن، مذہب، اور سماجی ڈھانچے کے متعلق معلومات حاصل ہوتی ہیں ان کی حفاظت، تحقیق اور فروغ ہر ایک کی ذمہ داری ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 02 SEP 2025 Page No. 21

# ڈیڈ لائن ختم، بلوچستان میں افغان مہاجرین کیخلاف کریک ڈاؤن کا آغاز

**غیر قانونی طور پر مقیم مہاجرین کے خلاف کارروائی میں انتظامیہ، پولیس، لیویز اور ایف سی حصہ لے گی**

**تمام مہاجرین کے خلاف جامع کارروائیاں کی جائیں گی کسی سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، محکمہ داخلہ**

**بلوچستان میں 3 لاکھ 4 ہزار پی او آر کارڈ ہولڈرز، جن میں 50 ہزار افغان مہاجرین کیمپوں میں رہائش پذیر ہیں**

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان میں تمام رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ افغان مہاجرین کی رضاکارانہ طور پر واپسی کی ڈیڈ لائن ختم ہو گئی ہے۔ بلوچستان کی انتظامیہ کے مطابق صوبے بھر میں آج سے تمام افغان مہاجرین کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کیا جائے گا، غیر قانونی طور پر مقیم مہاجرین کے خلاف کارروائی میں......

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

انتظامیہ، پولیس، لیویز اور ایف سی حصہ لے گی۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ کوئٹہ سے اب تک 42000 مہاجرین کو واپس اپنے وطن افغانستان بھجوایا گیا ہے، تمام مہاجرین کے خلاف جامع کارروائیاں کی جائیں گی اور کسی سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ محکمہ داخلہ کے مطابق بلوچستان میں 3 لاکھ 4 ہزار پی او آر کارڈ ہولڈرز ہیں جن میں 50 ہزار افغان مہاجرین 10 کیمپوں میں رہائش پذیر ہیں، چاغی میں افغان مہاجرین کی رجسٹریشن کے لیے 4 کیمپس قائم کر دیے گئے ہیں۔

# محکمہ پولیس بلوچستان میں ڈی آئی جیز کے تقرر و تبادلے

**وزیر خان ناصر ڈی آئی جی پی ہائی وے اینڈ پٹرولنگ بلوچستان تعینات، نوٹیفکیشن جاری**

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ پولیس بلوچستان میں ڈی آئی جیز کے تقرر و تبادلے، انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق ڈی آئی جی پی رخشان رینج (خاران) وزیر خان ناصر کا تبادلہ کر کے انہیں ڈی آئی جی پی ہائی وے اینڈ پٹرولنگ بلوچستان......

بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ تعینات کر دیا گیا جبکہ ڈی آئی جی پی ہائی وے اینڈ پٹرولنگ بلوچستان کوئٹہ کا تبادلہ کر کے ڈی آئی جی پی رخشان رینج (خاران) تعینات کر دیا گیا۔

# دریائے سندھ سے ممکنہ سیلابی ریلوں کی آمد، بلوچستان میں مانیٹرنگ کا عمل تیز کر دیا گیا

**سیلابی ریلوں کی آمد پر نظر رکھنے کیلئے 14 مقامات پر پوائنٹس بنا دیے گئے، موثر مانیٹرنگ کا عمل جاری رکھنے کی ہدایت**

**حکومت ممکنہ سیلابی صورتحال کے حوالے سے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے، کمشنر نصیر آباد، ڈی جی پی ڈی ایم اے**

**تمام محکمے اپنی مشینری بروئے کار لائیں، سیلابی صورتحال میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، اجلاس میں اہم فیصلے**

نصیر آباد (خ ن) ملک بھر میں سیلابی صورتحال کو مدنظر رکھ کر کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی اور ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان......

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

کی زیر صدارت آفیسران اور مختلف فلاحی ادارے کے نمائندگان کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈی آئی جی پولیس رینج کیپٹن ریٹائرڈ عاصم خان ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان ڈپٹی کمشنر استا محمد رزاق خان کھجک ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین لیفٹیننٹ کرنل رضوان طیب چیف انجینئر کینالز ناصر مجید سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن غلام سرور منگوئی چیف آفیسرز پبلک ہیلتھ انجینئرنگ۔

# سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی میں ووٹر آگاہی سیشن کا انعقاد

**خواتین کی انتخابی عمل میں شرکت نہایت اہم ہے، صوبائی الیکشن کمشنر علی اصغر سیال**

کوئٹہ (آن لائن) سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی میں ووٹر آگاہی سیشن کا انعقاد سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی، کوئٹہ میں گزشتہ روز ایک اہم ووٹر آگاہی سیشن منعقد ہوا۔ اس موقع پر صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان، علی اصغر سیال نے یونیورسٹی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے طالبات کو انتخابات کی اہمیت سے آگاہ کرنے کے لئے یہ سیشن منعقد......

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی انتخابی عمل میں شرکت نہایت اہم ہے اور اس عمل میں یونیورسٹیاں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہیں۔ علی اصغر سیال نے کہا کہ نوجوانوں، بالخصوص طالبات کی متحرک شرکت نہ صرف انتخابی عمل کو موثر بنا سکتی ہے بلکہ خواتین ووٹرز کی رجسٹریشن میں موجود خلا کو بھی کم کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خواتین اپنا ووٹ رجسٹر کروائیں اور انتخابات میں بھرپور حصہ لیں تو اس سے ووٹر ٹرن آؤٹ میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہے۔ وائس چانسلر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی، ڈاکٹر روبینہ مشتاق نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزاد، منصفانہ اور شفاف انتخابات جمہوریت کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے نوجوان نسل پر زور دیا کہ وہ انتخابات کے عمل میں سرگرمی سے حصہ لیں اور جمہوریت کے سفیر بنیں۔ انہوں نے کہا کہ طالبات کو چاہئے کہ وہ نہ صرف خود ووٹ کا اندراج کروائیں بلکہ اپنے اردگرد کے لوگوں کو بھی اس قومی فریضے کی ادائیگی کے لیے شعور دیں تاکہ ایک مضبوط اور باشعور معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔

# ڈی سی کوئٹہ کا اجلاس پرائس کنٹرول، تجاوزات، افغان مہاجرین اور دیگر امور پر غور

**افغان مہاجرین کی غیر قانونی سرگرمیوں کیخلاف بھی موثر اقدامات اٹھائے جائیں، مہراللہ بادینی**

**سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی، اجلاس میں فیصلہ**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کے افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پرائس کنٹرول، تجاوزات، افغان مہاجرین اور ممنوعہ پلاسٹک بیگز کے خلاف کارروائیوں کے حوالے سے امور پر غور کیا گیا اجلاس میں تمام ضلعی افسران نے شرکت کی ڈپٹی کمشنر نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ممنوعہ پلاسٹک بیگز کے خلاف سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں افغان مہاجرین کی غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف......

بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

بھی موثر اقدامات کیے جائیں اور پرائس کنٹرول کے حوالے سے روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹ چیکنگ کو یقینی بنایا جائے انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کو گرفتار کیا جائے گا، ان کی دکانیں سیل کی جائیں گی اور ہر صورت میں سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 02 SEP 2025

Page No. 22


## بلوچستان ہائیکورٹ میں گرین بس کا روٹ کسٹمز چیک پوسٹ سریاب تک بڑھانے کی درخواست

### سیکریٹری صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی معاملے کی وضاحت کیلئے 4 ستمبر کو طلب

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان نے گرین بس سروس کا روٹ بلیلی سے بلوچستان یونیورسٹی سے آگے کسٹمز چیک پوسٹ سریاب تک بڑھانے کے معاملے پر صوبائی و ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کو نوٹس جاری کردیا۔ چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس روزی خان بڑیچ اور جسٹس سردار احمد حلیمی پر مشتمل دورکنی بینچ نے ایڈووکیٹ سید نذیر آغا کا گرین بس سروس کی سہولت کو سریاب کسٹم تک بڑھانے سے متعلق آئینی درخواست کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران ماہر ایڈووکیٹ نے عدالت میں دائر درخواست میں موقف اختیار کیا کہ موجودہ وقت میں گرین بس سروس کا روٹ صرف بلیلی کسٹم چیک پوسٹ کوئٹہ سے بلوچستان یونیورسٹی تک ہے، جب کہ یونیورسٹی سے آگے کسٹم چیک پوسٹ سریاب تک بڑی تعداد میں غریب اور مستحق عوام رہائش پذیر ہیں جو اس سہولت سے محروم ہیں۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ عوام کا یہ بنیادی حق ہے کہ انہیں پبلک ٹرانسپورٹ اور گرین بسوں کی سہولت فراہم کی جائے۔ عدالت نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے سیکریٹری صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کو 4 ستمبر 2025 کو طلب کرلیا ہے تاکہ یہ وضاحت کی جاسکے کہ گرین بس سروس کا روٹ سریاب کسٹم چیک پوسٹ تک کیوں نہیں بڑھایا گیا۔ کیس کی مزید سماعت 4 ستمبر 2025 کو ہوگی۔

## بلوچستان کی 11 جامعات کیلئے 42 کروڑ کی گرانٹ جاری

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے صوبے کی 11 جامعات کے لیے 42 کروڑ روپے سے زائد کی گرانٹ جاری کردی، پیر کو محکمہ خزانہ بلوچستان نے مالی سال 2025-26 میں مختص کی گئی گرانٹ ان ایڈ کے تحت صوبے کی جامعات کو 42 کروڑ 5 لاکھ 25 ہزار 785 روپے کی گرانٹ جاری کردی ہے۔ یہ گرانٹ جامعات کی تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کیلئے استعمال کی جائیگی۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا، اجلاس میں شیخ زید انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کوئٹہ، بلوچستان سیف اینڈ انوائرمینٹل ساؤنڈ ری سائیکلنگ آف شپس، بلوچستان لینڈ ریونیو (ترمیمی) کے مسودہ قوانین پیش کیے جائیں گے۔ اجلاس میں رکن اسمبلی سلمیٰ بی بی کو مجلس برائے سرکاری مواعید کا رکن منتخب کیا جائیگا وقفہ سوالات میں محکمہ داخلہ اور پی ڈی ایم اے سے متعلق سوالات کے جوابات دیے جائیں گے۔

## خواتین کی انتخابی عمل میں شرکت، یونیورسٹیاں کلیدی کردار ادا کرسکتی ہیں، صوبائی الیکشن کمشنر

### نوجوانوں بالخصوص طالبات کی متحرک شرکت سے خواتین ووٹرز کی رجسٹریشن میں خلا کو بھی کم کیا جاسکتا ہے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے کہا ہے کہ خواتین کی انتخابی عمل میں شرکت نہایت اہم ہے اور اس عمل میں یونیورسٹیاں کلیدی کردار ادا کرسکتی ہیں۔ یہ بات انہوں نے سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی اور صوبائی الیکشن کمیشن بلوچستان کے اشتراک سے منعقدہ ووٹر آگاہی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے یونیورسٹی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے طالبات کو انتخابات کی اہمیت سے آگاہ کرنے کے لیے سیشن کا اہتمام کیا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں، بالخصوص طالبات کی متحرک شرکت نہ صرف انتخابی عمل کو موثر بنا سکتی ہے بلکہ خواتین ووٹرز کی رجسٹریشن میں خلا کو بھی کم کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اپنا ووٹ رجسٹر کرائیں اور انتخابات میں بھرپور حصہ لیں تو اس سے ووٹر ٹرن آوٹ میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہے۔ وائس چانسلر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ڈاکٹر روبینہ مشتاق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزاد، منصفانہ اور شفاف انتخابات جمہوریت کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے نوجوان نسل پر زور دیا کہ وہ انتخابات کے عمل میں سرگرمی سے حصہ لیں اور جمہوریت کے سفیر بنیں۔ انہوں نے کہا کہ طالبات نہ صرف اپنے ووٹ کا اندراج کرائیں بلکہ اپنے اردگرد کے لوگوں کو بھی اس قومی فریضے کی ادائیگی کے لیے شعور دیں تاکہ ایک مضبوط اور باشعور معاشرہ تشکیل دیا جاسکے۔ کیا گیا، جس کا مقصد نوجوانوں اور خواتین کو ووٹ کی اہمیت سے آگاہ کرنا اور انہیں قومی دھارے میں شامل کرنا تھا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر الیکشنز عبداللہ، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن جناب نعیم احمد اور ڈپٹی ڈائریکٹر الیکشنز عالیہ نظر نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کے آئینی کردار اور انتخابی نظام پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین نے طالبات کو ووٹر رجسٹریشن کے مراحل، انتخابی فہرستوں میں اندراج اور شفاف انتخابات کے لیے الیکشن کمیشن کی ذمہ داریوں سے بھی آگاہ کیا۔ تقریب کے اختتام پر صوبائی الیکشن کمشنر علی اصغر سیال اور وائس چانسلر ڈاکٹر روبینہ مشتاق نے یادگاری شیلڈز کا تبادلہ کیا۔

## بلوچستان کو توانائی اور صنعتی سرگرمیوں کا مرکز بنانا ہے، بلال کاکڑ

### توانائی منصوبے ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے نئے دروازے کھولیں گے، اجلاس

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور سیکریٹری توانائی حکومت بلوچستان محمد داؤد بازئی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں لیڈا میں سولر پلانٹس کے قیام اور سوئی و قلات میں لو بی ٹی یو گیس کے استعمال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بلال خان کاکڑ نے کہا کہ حکومت بلوچستان سرمایہ کاری دوست پالیسیوں کے تحت پائیدار توانائی منصوبوں کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیڈا کے 250 سے زائد فعال صنعتی یونٹس سرمایہ کاروں کے لیے ایک نمایاں مسابقتی برتری فراہم کرتے ہیں، جسے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP) ماڈل کے تحت مزید بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا وژن بلوچستان کو توانائی اور صنعتی سرگرمیوں کا مرکز بنانا ہے۔ ہم اپنے مقامی وسائل جیسے سورج کی توانائی اور لو بی ٹی یو گیس کو بروئے کار لا کر پائیدار ترقی حاصل کریں گے اور ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے نئے دروازے کھولیں گے۔ اجلاس میں صوبائی ڈائریکٹر محکمہ توانائی نواز بگٹی، (ہاؤس آف کاسب) کے محمد وسیم اصغر اور حیدر، سولر ٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ کے زبیر اور متحدہ عرب امارات (دبئی) سے رابطہ افسر مظفر نے بھی شرکت کی۔


Century Express Quetta


## آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح ہوگیا

### ہاکی گولڈ کپ بھی منعقد کرائینگے، مینا مجید، آتش بازی کا مظاہرہ کیا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) دوسرے آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح کردیا گیا افتتاحی تقریب کی مہمان خصوصی مشیر کھیل و امور نوجوانان مینا مجید تھیں جنہوں نے شارٹ لگا کر میگا ایونٹ کا افتتاح کیا۔ کوئٹہ ریجن کی جانب سے انٹرنیشنل کھلاڑی کامران غلام نے بھی میچ کھیلا افتتاحی تقریب میں شاندار آتش بازی کا مظاہرہ کیا گیا، اس موقع پر سیکرٹری سپورٹس درا بلوچ ڈی جی سپورٹس یاسر بازئی بھی موجود تھے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے صوبائی مشیر کھیل مینا مجید نے کہا کہ کرکٹ ٹورنامنٹ میں 28 ٹیمیں شریک ہیں جن میں 8 ٹیمیں دیگر صوبوں سے ہیں کرکٹ ٹورنامنٹ 15 روز تک جاری رہے گا چیف منسٹر کرکٹ ٹورنامنٹ میں 51 میچز ہونگے قومی کھلاڑیوں کے علاوہ افغانستان سے بھی پلیئرز آئیں گے کرکٹ ٹورنامنٹ کے بعد ہاکی گولڈ کپ بھی ہوگا، پورے سال کے دوران کھیلوں کے مقابلے ہونگے کرکٹ کے مقابلے کوئٹہ کے چار وینیوز پر ہورہے ہیں کھلاڑیوں کو تمام سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، بگٹی اسٹیڈیم میں لائٹنگ بھی لگادی گئی ہیں سیکرٹری کھیل و امور نوجوانان درا بلوچ کا کہنا تھا کہ یہ پہلی مرتبہ فلڈ لائٹ میں ٹورنامنٹ کروا رہے ہیں اور اس ٹورنامنٹ میں انٹرنیشنل کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 02 SEP 2025 Page No. 2 3


## چائنا ایڈ کی جانب سے عطیہ کیے گئے جدید و مکمل سولر پمپنگ سسٹم کی تنصیب کا افتتاح

### چینی حکومت کا یہ قیمتی تحفہ بلوچستان میں زرعی تحقیق اور عملی ترقی کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر ریسرچ بلوچستان عبدالروف کاکڑ نے چائنا ایڈ کی جانب سے عطیہ کیے گئے ایک جدید اور مکمل سولر پمپنگ سسٹم کی تنصیب کا باضابطہ افتتاح زرعی تحقیقاتی ادارہ (ARI) سریاب کوئٹہ میں کر دیا، افتتاحی تقریب میں کوئٹہ میں تعینات تمام ڈائریکٹرز نے شرکت کی اور اس اہم تعاون پر چینی حکومت اور عوام کا دلی شکریہ ادا کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے بقیہ نمبر14 صفحہ 5 پر

ہوئے ڈی جی ایگریکلچر ریسرچ عبدالروف کاکڑ نے کہا کہ چینی حکومت کی یہ قیمتی تحفہ بلوچستان میں زرعی تحقیق اور عملی ترقی کے لیے سنگِ میل ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سولر پمپنگ سسٹم کی تنصیب سے تحقیقاتی ادارے کی پانی کی ضروریات پوری ہوں گی اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے زرعی پیداوار میں اضافہ ممکن ہوگا۔ ڈی جی نے مزید کہا کہ بلوچستان کی زرعی ترقی کے لیے چین کی جانب سے دیا جانے والا یہ تحفہ دونوں ممالک کے دوستانہ تعلقات کا عملی ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی تحقیق میں توانائی کے مسائل ایک بڑی رکاوٹ تھے جس کا مستقل حل سولر سسٹم کے ذریعے فراہم ہوا ہے۔

## خضدار میں 100 اور لورالائی میں 25 دن بعد انٹرنیٹ سروس بحال

### صارفین کی پی ٹی سی ایل کی ناکامی کی مذمت، ڈیٹا بحالی پر خوشی کا اظہار

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں 100 دن کے تعطل کے بعد انٹرنیٹ بحال کر دیا گیا اور پی ٹی سی ایل اور ملکی کمپنیاں ڈیٹا کا متبادل بننے میں ناکام رہا تفصیلات کے مطابق ضلع خضدار میں 100 دن کے طویل تعطل کے بعد انٹرنیٹ سروسز بالآخر کچھ دیر قبل بحال کر دی گئیں۔ اس عرصے کے بقیہ نمبر5 صفحہ 5 پر

دوران پی ٹی سی ایل اور دیگر ملکی ٹیلی کام کمپنیاں صارفین کے لیے ڈیٹا کا متبادل بننے میں بری طرح ناکام رہیں، جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا طویل بندش نے روزمرہ زندگی، کاروبار، تعلیم اور رابطوں کو بری طرح متاثر کیا۔ صارفین نے سوشل میڈیا پر اپنی مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کمپنیوں کی ناقص کارکردگی نے انہیں پریشانی میں مبتلا کیا۔ ایک شہری نے کہا 100 دن تک ڈیٹا کا کوئی متبادل نہ دینا کمپنیوں کی نااہلی کو ظاہر کرتا ہے خضدار میں پی ٹی سی ایل کا عملہ انتہائی نااہلی اور دروغ گو ثابت ہوا انہوں نے دروغ گوئی میں جو مہارت حاصل کی ہے وہ بیان کرنے کے قابل نہیں شہریوں نے پی ٹی سی ایل کی ناکامی اور عملے کی غفلت کی شدید مذمت اور ڈیٹا بحالی پر خوشی کا اظہار کیا۔

لورالائی (این این آئی) لورالائی ڈویژنل ہیڈ کوارٹر و گرد و نواح میں 25 دن بعد انٹرنیٹ سروس بحال عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی 6 اگست سے صوبے کے دیگر علاقوں کی طرح لورالائی میں بھی انٹرنیٹ سروس مکمل طور پر بند ہو گئی تھی انٹرنیٹ کی بندش سے ایک طرف عوام ملکی و علاقائی صورتحال سے بقیہ نمبر6 صفحہ 5 پر

بیخبر رہے جب کہ دوسری طرف انٹرنیٹ سروس نہ ہونے کی وجہ سے کاروباری طبقہ، طلباء، زمینداروں، تاجروں، سمیت ہر مکتبہ فکر کے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا 25 دن انٹرنیٹ سروس بند ہونے کی وجہ سے عوام ذہنی مریض بن بیٹھے خاص کر کاروباری حضرات کو مشکلات کیساتھ ساتھ نقصانات کا بھی سامنا رہا انٹرنیٹ سروس کی بحالی کے بعد عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 02 SEP 2025 Page No. 24

# بلوچستان کے زمینداروں کے مسائل حل کیئے جائیں، کسان اتحاد

بھارت کی جانب سے آبی جارحیت قابل مذمت، سیلاب سے پنجاب کی لاکھوں ایکڑ زرعی زمین پانی میں ڈوب گئی ہے جس سے کسانوں اور زمینداروں کو اربوں روپے کے نقصانات کا سامنا ہے

**وفاقی اور صوبائی حکومتیں گندم کی فصل کی کاشت سے قبل ریٹ مقرر کریں، بلوچستان کے زمینداروں اور کاشتکاروں کے مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جائیں**

کوئٹہ (این این آئی) کسان اتحاد پاکستان کے چیئرمین خالد حسین باٹھ نے بھارت کی طرف سے آبی جارحیت کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیلاب سے پنجاب میں لاکھوں ایکڑ زرعی زمین سیلابی پانی میں ڈوب گئی ہے جس سے کسانوں اور زمینداروں کو اربوں روپے کے نقصانات کا سامنا ہے، وفاقی اور صوبائی حکومتیں گندم کی فصل کی کاشت سے قبل گندم کا ریٹ مقرر کریں اور بلوچستان کے زمینداروں اور کسانوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں جائیں بصورت دیگر کسان اتحاد پاکستان 10 روز کے بعد بلوچستان بھر میں احتجاج کی کال دیگا۔ یہ بات انہوں نے پیر کو کسان اتحاد کی

بقیہ نمبر13 صفحہ 5 پر

رہنما آریہ حورین اور دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی جس کے بعد کسان اتحاد پاکستان کی جانب سے پریس کلب کے سامنے علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ لگایا گیا جہاں حکومتی نمائندوں نے آ کر چیئرمین کسان اتحاد خالد حسین باٹھ اور دیگر رہنماؤں سے بات چیت کی اور انہیں یقین دلایا کہ کسانوں کو کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے جس کے بعد علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ ختم کردیا گیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے خالد حسین باٹھ نے کہا کہ بھارت کی جانب سے آبی جارحیت کے باعث پنجاب میں لاکھوں ایکڑ رقبے پر کاشت فصلیں تباہ ہوگئیں اور 20 لاکھ سے زائد لوگ نقل مکانی پر مجبور ہوگئے ہیں بھارت کی آبی جارحیت کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہیں نے کہا کہ جن علاقوں میں حکومت نے سولر نہیں دیے ان علاقوں کے بجلی کنکشن نہ کاٹے جائیں۔

# بلوچستان کے نوجوانوں وطلباء کو ہنر مند بنانے کی ضرورت ہے، ہدایت الرحمان

**نوجوان تعلیم وہنر سے لیس ہوکر جہالت وناخواندگی کا مقابلہ کرینگے، رکن صوبائی اسمبلی**

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں وطلبا کو تعلیم تربیت و مدد کیساتھ انہیں ہنر مند بنانے کی ضرورت ہے الخدمت فاؤنڈیشن کا بنو قابل پروگرام بلوچستان کے عوام کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ نوجوان تعلیم وہنر سے لیس ہوکر جہالت ناخواندگی کا مقابلہ کریں گے بنو قابل پروگرام پہلے مرحلے میں کوئٹہ سے

بقیہ نمبر23 صفحہ 5 پر

آغاز 19 ستمبر پھر گوادر، جعفرآباد لورالائی میں شروع کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں جماعت اسلامی والخدمت فاؤنڈیشن کے ذمہ داران وکارکنان مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں جماعت اسلامی کے صوبائی نائب امیر پارلیمانی سیکرٹری انجینئر عبدالمجید بادینی، نائب امرا زاہد اختر بلوچ حافظ نورعلی، امیر ضلع کوئٹہ عبدالعلیم رند، الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان سیکرٹری عبدالمجید سربازی، کوئٹہ کے صدر حبیب فرید خان سمیت کمیٹیوں کے ذمہ داران بھی شریک رہے۔ اس موقع پر بنو قابل پروگرام کوئٹہ، 19 ستمبر کو انٹری ٹیسٹ کے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی۔ بنو قابل پروگرام کوئٹہ کے تحت 19 ستمبر کو ہونے والے انٹری ٹیسٹ کی تیاریوں کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔

# یہ وقت سیاست نہیں انسانیت کی خدمت کا ہے، مولانا واسع

**مخیر حضرات اور ادارے افغانستان کے زلزلہ زدگان اور سیلاب متاثرین کی دل کھول کر مدد کریں**

کوئٹہ (این این آئی) امیر جے یو آئی بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا افغانستان کے زلزلہ زدگان اور پاکستان کے سیلاب متاثرین کی امداد اس وقت وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ وقت سیاست کا نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت کا ہے۔ اس موقع پر میں تمام مخیر حضرات اور اداروں کو متوجہ کرتا ہوں کہ وہ بڑھ چڑھ کر اپنی مدد پیش کریں۔ مشکل وقت میں دیا گیا سہارا، مشکل میں ڈوبے

بقیہ نمبر27 صفحہ 5 پر

شخص کے لئے زندگی کا چراغ ہوتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جے یو آئی بلوچستان کی واحد جماعت ہے جس نے عملی خدمت کا بیڑا اٹھایا۔ مزید وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی دکانیں چمکانے والے موقع پرست عناصر جے یو آئی پر تنقید تو کرتے ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ ان کے پاس اپنی کارکردگی کے ثبوت نام کی کوئی چیز نہیں۔ انکے مطابق یہ لوگ دن رات الزامات کے تیر چلاتے ہیں لیکن جو ان کی ناکامی کیلئے کافی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 02 SEP 2025 Page No. 25


## کوئٹہ: پولیس کی سٹی نالہ میں کارروائی، فائرنگ تبادلہ میں منشیات فروش ہلاک

**ایک منشیات فروش زخمی حالت میں ساتھی سمیت گرفتار، منشیات، اسلحہ اور نقدی قبضہ میں لے لی گئی**

**پولیس نے کارروائی خفیہ اطلاع پر کی، ٹھکانے مسمار کردیئے گئے، لاش و زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پولیس کی سٹی نالے میں کارروائی، فائرنگ کے تبادلے میں ایک منشیات فروش ہلاک جبکہ ایک زخمی کو ساتھی سمیت گرفتار کر کے بھاری مقدار ........ بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

میں منشیات، لاکھوں روپے کی نقدی اور اسلحہ قبضے میں لے لیا گیا پولیس کے مطابق ڈی آئی جی کوئٹہ اعتزاز گورایہ کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ منشیات فروش سٹی نالے میں موجود ہیں جس پر سٹی اور کینٹ ڈویژن ایس پیز کو فوری کارروائی کی ہدایت کی گئی ایس پیز نے پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ اتوار اور پیر کی درمیانی شب سٹی نالے میں کریک ڈاؤن کیا اسی دوران منشیات فروشوں نے پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کردی پولیس نے بھی جوابی کارروائی کی جس کے نتیجے میں ایک منشیات فروش سلام ساتی موقع پر ہی ہلاک جبکہ ساتھی عرفان عرف بھائی زخمی ہوگیا۔

## پنجگور سے نعش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) پنجگور کے علاقے سے ایک شخص کی نعش برآمد پولیس کے مطابق گزشتہ روز پنجگور کے علاقے سرکاوران پولیس اسٹیشن کی حدود زنڈین کے قریب سے ایک شخص کی نعش ملی جس کے جسم پر گولی کے نشان تھے نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کی شناخت سمیع کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

## کوئٹہ جناح روڈ سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جناح روڈ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش برآمد تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز جناح روڈ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے مردہ خانہ میں رکھ دی گئی جو نشے کا عادی بتایا جاتا ہے

Century Express Quetta

## سٹی نالے میں پولیس آپریشن، منشیات فروشوں کا سرغنہ ہلاک

**منشیات کی بھاری کھیپ، لاکھوں کی نقدی و اسلحہ برآمد، ٹھکانے مسمار کردیئے**

**2 گرفتار، دیگر منشیات فروش رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس کا سٹی نالے میں منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن، فائرنگ کے تبادلے میں منشیات فروشوں کا سرغنہ ہلاک ایک زخمی کو ساتھی سمیت گرفتار کر کے بھاری مقدار میں منشیات لاکھوں روپے کی نقدی اور اسلحہ قبضے میں لے کر ٹھکانے مسمار کردیئے گئے، پولیس کے مطابق ڈی آئی جی کوئٹہ اعتزاز گورایہ کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ منشیات فروشوں کا سرغنہ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ سٹی نالے میں موجود ہے جس پر سٹی اور کینٹ ڈویژن ایس پیز کو فوری کارروائی کی ہدایت کی ایس پیز نے پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ اتوار اور پیر کی درمیانی شب سٹی نالے (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

(باقی صفحہ 5 نمبر 19)

INTEKHAB QUETTA

## جبل نور کے مقام پر کوچ پر چھاپہ، خفیہ خانوں سے 40 کاٹن سگریٹ برآمد

**کارروائی کے خلاف ٹرانسپورٹرز کی جانب سے سڑک بلاک کرنے کی کوشش، اہلکاروں نے ناکام بنادی**

کوئٹہ (آن لائن) ایپکس کمیٹی کے اجلاس کے فیصلوں کی روشنی میں صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی ہدایت پر سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد بلوچ کی سربراہی میں مسافر بسوں میں خفیہ خانوں اور سمگلنگ کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں جبل نور کے مقام پر پشین کوئٹہ کراچی کے بے ایم سوویز 944BSB بغیر روٹ بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

پرمٹ اور جنریشن چلنے والی ایک غیر قانونی کوچ کو پکڑا گیا، جس کے خفیہ خانوں سے 40 کاٹن سگریٹ برآمد کیے گئے۔ کارروائی کے دوران آر ٹی اے کا عملہ، ٹریفک پولیس، بروری اور خروٹ آباد تھانے کا عملہ بھی موجود تھا۔ اس موقع پر ٹرانسپورٹروں کی جانب سے کارروائی اور سرکاری امور میں مداخلت کرتے ہوئے احتجاجاً گاڑیوں کو روکنے اور روڈ بلاک کرنے کی کوشش کی، تاہم موقع پر موجود اہلکاروں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ان کی اس کوشش کو ناکام بنا دیا۔ سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی ظہور احمد بلوچ نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایپکس کمیٹی کے فیصلوں کے مطابق مسافر بسوں میں خفیہ خانوں اور سمگلنگ کی روک تھام کے لیے سخت اقدامات کیے جارہے ہیں۔ کسی بھی صورت عوام کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے اور غیر قانونی سرگرمیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔

## خضدار، لیویز فورس کی کارروائی 2 مشکوک افراد گرفتار قبضے سے ایس ایم جی برآمد

خضدار (آن لائن) خضدار کے مضافاتی علاقے میں کامیاب کارروائی لیویز فورس نے دو مشکوک افراد گرفتار کر کے انکے قبضے سے ایس ایم جی برآمد کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی اور اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ کی ہدایت پر لیویز فورس نے خضدار کے مضافاتی علاقے پیر عمرا ریا میں چھاپہ مار کر دو مشکوک افراد کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان شبیر احمد ولد سلطان بقیہ نمبر 9 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 9 صفحہ 5 پر

محمد اور بشیر احمد ولد خان محمد ساکنان پیر عمر کے قبضے سے ایس ایم جی سب مشین گن برآمد کی گئی۔

## انتظامیہ کا آپریشن 132 ایکڑ پر کاشت بھنگ کی فصل تلف

منگچر (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے سب ڈویژن منگچر کے علاقے زرد غلام جان زرد عبداللہ سمیت دیگر علاقوں میں بھنگ کے کاشت کے خلاف گرینڈ آپریشن۔ 132 سے زائد ایکڑ بھنگ کی کاشت مکمل طور پر تباہ بقیہ نمبر 19 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 19 صفحہ 5 پر

کردیا گیا۔ کمشنر قلات ڈویژن نفیل بلوچ اور ڈپٹی کمشنر قلات کیپٹن ریٹائرڈ جمیل بلوچ کے خصوصی احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر منگچر ڈاکٹر علی گل عمرانی کے زیر نگرانی منگچر کے علاقے زرد عبداللہ زرد غلام جان سمیت دیگر علاقوں میں بھنگ کی کھڑی فصلوں کو ناکارہ بنادیا گیا منشیات کے خلاف اس آپریشن میں ایف سی میجر معاذ 64 ونگ 329 بریگیڈ ایسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر آصف قلندرانی ایکسائز انسپکٹر محمود لانگو ANF کے عمار شہزاد SHO لیویز تھانہ منگچر حاجی خان لہڑی دفعدار امام بخش اور دیگر نے حصہ لیا۔ بھنگ کے کاشت کا خلاف مکینکل کیمیکل اسپرے اور دستی طریقے کا استعمال کر کے 132 ایکڑ سے زائد بھنگ کے فصلوں کو مکمل تباہ کردیا گیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: MEEZAN QUETTA
02 SEP 2025
Bullet N
Page No. 36

## بلوچستان میں محکمہ اریگیشن ممکنہ سیلابی صورتحال سے قبل متحرک!

ملک بھر میں سیلابی صورتحال کے بعد بلوچستان میں بھی محکمہ اریگیشن ممکنہ سیلابی صورتحال سے قبل متحرک ہوگیا۔ چیف انجینئر کینالز ناصر مجید نے کہا ہے کہ دریائے سندھ میں 9 لاکھ کیوسک سے زائد کی گنجائش موجود ہے ان تمام امور کو مدنظر رکھتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں صوبائی وزیر آبپاشی صادق عمرانی اور سیکرٹری اریگیشن کی ہدایت پر بلوچستان میں بھی محکمہ اریگیشن کی جانب سے پیشگی حفاظتی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ حالیہ تباہ کن بارشوں سے پنجاب سیلابی صورتحال سے بری طرح متاثر ہورہا ہے۔ پنجاب سے دریاؤں کے سیلابی ریلے پنجند کے مقام پر جمع ہونگے۔ پنجند کی گیارہ لاکھ کیوسک پانی کی کپیسٹی ہے۔ پنجاب کے دریاؤں کا 2 ستمبر کو پنجند جبکہ 4 ستمبر کو گڈو کے مقام پر پہنچے گا۔ قبل ازیں چیف انجینئر کینالز ناصر مجید نے پٹ فیڈر کینال آر ڈی 418 سے آر ڈی 505 تک کینال کا دورہ کیا۔ بنائے گئے فیلڈ ایمرجنسی کنٹرول رومز اور آب کلانی میٹریل کا جائزہ اور اس میں مزید اضافے کے احکامات جاری کئے۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل نصیرآباد غلام سرور بنگلزئی نے انہیں حفاظتی انتظامات پٹ فیڈر کینال میں زرعی مقاصد کے لیے پانی کی ترسیل ودیگر درپیش مسائل سے متعلق آگاہی فراہم کی۔

ہم سمجھتے ہیں کہ ملک بھر میں سیلابی صورتحال کے بعد بلوچستان میں بھی محکمہ اریگیشن کا ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر متحرک ہونا قابل تعریف اقدام ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی اور سیکرٹری اریگیشن کی ہدایات پر یہ بروقت اہم بڑی اچھی حکمت عملی ہے چونکہ قدرتی آفات کا مقابلہ کرنا انسان کے بس میں نہیں ہے لیکن انسان اس سلسلے میں پلاننگ کر کے جانی و مالی نقصانات کو کم کرنے کی کوشش کرسکتا ہے۔ پنجاب میں آنے والے شدید سیلاب میں جو بڑی پیمانے پر جانی و مالی نقصانات ہوئے ہیں ان میں متعلقہ اداروں کی کوتاہی ضرور شامل ہے جنہوں نے بروقت اقدامات نہیں کئے ان کو چاہیئے تھا کہ وہ سیلاب کی آمد سے پہلے کم از کم ایسے علاقے جو دریاؤں کے قریب آباد ہیں سے لوگوں کی نقل مکانی کروانی چاہیئے تھی اس سے کم از کم جانی اور مال مویشیوں کا نقصان کم ہوسکتا تھا۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان میں محکمہ اریگیشن ممکنہ سیلابی صورتحال سے قبل جو متحرک ہوئی ہے اس کو برقرار رکھا جائے اور اس سلسلے میں مزید احسن اقدامات کیے جائیں تاکہ اگر خدانخواستہ بلوچستان کے کچھ علاقوں میں سیلاب آجائے تو اس صورت میں حفاظتی اقدامات مکمل ہوں۔ اس ضمن میں کسی بھی طرح کی غفلت یا لاپرواہی کا مظاہرہ نہیں ہونا چاہیئے جو کہ موجودہ حالات میں انتہائی ناگزیر ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 5

Dated: 02 SEP 2025 Page No. 31


# بلوچستان: تعلیم وصحت کی بحالی اور عالمی تعاون کی اہمیت

بلوچستان میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور یونیسف کی کنٹری ریپریزنٹیٹو پرنیلے آئرن سائیڈ کی گزشتہ روز ملاقات ایسے موقع پر ہوئی جب صوبہ کئی دہائیوں سے بنیادی سہولیات کی کمی، تعلیمی فقدان اور صحت عامہ کے مسائل سے دوچار ہے۔ اس ملاقات میں پولیو کے خاتمے، روٹین ایمونائزیشن، تعلیم اور صحت جیسے اہم ترین شعبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال نہ صرف خوش آئند ہے بلکہ مستقبل کے لیے امید کی کرن بھی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر جو نکات اجاگر کیے، وہ حقیقتاً بلوچستان کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے سنگ میل ثابت ہو سکتے ہیں۔ گزشتہ ایک سال میں 3200 بند اسکولوں کو فعال کرنا اور رواں سال مزید 1200 کمیونٹی اسکول قائم کرنے کا اعلان اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ حکومت تعلیم کے میدان میں حقیقی تبدیلی لانا چاہتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ یقین دہانی کہ سال کے اختتام تک کوئی اسکول بند نہیں رہے گا والدین اور نئی نسل کے لیے حوصلہ افزا ہے۔

صحت کے شعبے میں بھی حکومت بلوچستان کی جانب سے اصلاحات اور پرائمری ہیلتھ کیئر کے لیے غیر معمولی وسائل مختص کرنے کا فیصلہ دیرپا اثرات مرتب کر سکتا ہے۔ یونیسف کی جانب سے محکمہ صحت کے عملے کی تربیت اور تکنیکی معاونت کی پیشکش صوبے کے لیے قیمتی سرمایہ ہے۔ یہ حقیقت بھی خوش آئند ہے کہ صحت و تعلیم کے میدان میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے کے لیے کنٹریکٹ بھرتیوں کا عمل جاری ہے جو عوامی سہولیات کی فراہمی کو مستحکم بنائے گا۔ یونیسف کی نمائندہ نے اس موقع پر واضح کیا کہ بچوں کی فلاح و بہبود ان کی اولین ترجیح ہے۔ بلوچستان جیسے پسماندہ خطے میں یہ یقین دہانی نہایت اہم ہے کیونکہ یہاں سب سے زیادہ متاثر ہونے والا طبقہ بچے اور خواتین ہیں۔ اسی تناظر میں صوبے میں ویمن اکنامک امپاورمنٹ انڈومنٹ فنڈ کا قیام بھی حکومت کے مثبت اقدامات میں شمار ہوگا۔ خواتین کو بااختیار بنائے بغیر کوئی بھی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا اور بلوچستان اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے عملی اقدامات کر رہا ہے۔

وزیر اعلیٰ نے سندھ سے ملحقہ اضلاع میں ممکنہ سیلابی صورتحال کی نگرانی اور بارڈر ایریاز میں پیشگی اقدامات کا ذکر بھی کیا۔ یہ عمل اس بات کا عکاس ہے کہ حکومت قدرتی آفات اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے بھی سنجیدہ ہے۔ ماضی میں ہم نے دیکھا ہے کہ بروقت تیاری نہ ہونے کے باعث چھوٹے پیمانے کے خطرات بھی بڑی تباہی میں بدل جاتے ہیں لہٰذا یہ طرزِ حکمرانی قابلِ تعریف ہے۔ بلوچستان کے مسائل بہت گہرے اور کثیرالجہتی ہیں۔ ایک طرف پسماندگی اور بنیادی سہولیات کی کمی ہے تو دوسری جانب دہشت گردی اور شورش نے بھی ترقی کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کی ہیں۔ ایسے میں یونیسف جیسے عالمی ادارے کے ساتھ قریبی رابطہ اور تعاون نہ صرف مقامی سطح پر سہولت فراہم کرے گا بلکہ دنیا بھر میں یہ پیغام بھی جائے گا کہ بلوچستان ترقی کے سفر پر گامزن ہے۔

یہ کہنا بجا ہوگا کہ تعلیم، صحت، خواتین کی خودمختاری اور بچوں کی فلاح کے شعبے کسی بھی معاشرے کی بنیاد ہوتے ہیں۔ اگر صوبائی حکومت اپنے اعلانات اور منصوبوں کو عملی جامہ پہناتی ہے اور یونیسف سمیت دیگر عالمی شراکت دار بھی عملی معاونت جاری رکھتے ہیں تو آنے والے برسوں میں بلوچستان ترقی و خوشحالی کی نئی مثال قائم کر سکتا ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ان منصوبوں پر صرف بیانات کی حد تک اکتفا نہ کیا جائے بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جائے۔ بلوچستان کے عوام نے وعدوں اور دعوؤں سے زیادہ مشکلات کا سامنا کیا ہے، اب وقت ہے کہ وہ تبدیلی کو اپنی آنکھوں سے دیکھیں، یہی بلوچستان کے مستقبل کی ضمانت ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 02 SEP 2025 Page No. 32

# بلوچستان کے مختلف اضلاع میں سیلاب کا خطرہ، حکومتی سطح پر ہنگامی اقدامات اٹھانے کی ضرورت!

دریائے سندھ میں پانی کی سطح بلند ہونے کی صورت میں بلوچستان کے اضلاع جعفرآباد، اوستہ محمد اور صحبت پور میں سیلاب آنے کا خطرہ ہے۔ صوبائی حکومت نے محکمہ آب پاشی کو الرٹ جاری کر دیا۔ 16 مختلف علاقوں میں 30 کنٹرول سینٹرز قائم کیے گئے ہیں، ڈی جی پی ڈی ایم اے نے صورتحال کو مانیٹر کرنے کیلئے نصیرآباد میں کیمپ آفس قائم کرلیا۔ یہ بات صوبائی وزیر آب پاشی صادق عمرانی نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ دریائے سندھ میں پانی کی سطح بلند ہونے کی صورت میں دو اور تین ستمبر کو سیلاب کا پانی بلوچستان میں داخل ہونے کا امکان ہے جس سے صوبے کے علاقے جعفرآباد، روجھان، اوستہ محمد، صحبت پور کے زیر آب آنے کا خدشہ ہے۔ صادق عمرانی کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت سندھ حکومت کے ساتھ مکمل رابطے میں ہے اور صورتحال پر نظر رکھی ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ آب پاشی نے 16 مختلف علاقوں میں 30 کنٹرول سینٹرز قائم کر کے اپنے انتظامات مکمل کر لئے ہیں، ان کیمپس میں ضروری مشینری منتقل کر دی گئی ہے۔ دوسری جانب ڈی جی پی ڈی ایم اے جہاں زیب خان نے بتایا کہ ممکنہ سیلاب کے پیش نظر میں نے اپنا کیمپ آفس نصیرآباد میں قائم کرلیا ہے، سندھ سے ملحقہ تینوں اضلاع میں محفوظ مقامات کی نشاندہی کر لی ہے جہاں کیمپ قائم کئے جا رہے ہیں۔ بلوچستان میں اس سے قبل بھی سیلاب سے بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصانات ہوئے تھے، کھڑی فصلیں تباہ ہو گئی تھیں، اس آفت سے بڑی تعداد میں لوگ متاثر ہوئے، کافی بے گھر ہوئے انہیں مجبوراً نقل مکانی کرنا پڑا جبکہ بعض خیموں میں زندگی گزارنے پر مجبور ہوئے۔ اب ایک بار پھر جعفرآباد، اوستہ محمد اور صحبت پور میں سیلاب کا خطرہ ہے، سب سے پہلی کوشش یہ ہونی چاہیے کہ جانی نقصان سے بچاؤ کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ قیمتی جانیں ضائع نہ ہوں۔ مالی نقصانات کو روکنا مشکل ہے چونکہ یہ قدرتی آفت ہے جس سے فصلوں اور مکانات کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے مگر کوشش یہی کی جائے کہ بروقت نکاسی آب کا بندوبست کیا جائے، ہیوی مشینری استعمال کی جائے تاکہ کم سے کم نقصان ہو۔ قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے وفاقی سطح پر ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے، اب ہر سال پاکستان کو سیلاب جیسے خطرناک صورتحال کا سامنا ہے۔ خیبر پختونخوا اور پنجاب میں سیلاب سے زیادہ تباہی ہوئی، سندھ اور بلوچستان کے بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے اور آبی گزرگاہوں سمیت پانی ذخیرہ کرنے کے منصوبوں پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ سیلابی صورتحال سے نقصانات نہ ہوں۔ حکومت بلوچستان جعفرآباد، اوستہ محمد اور صحبت پور میں ہنگامی اقدامات اٹھائے، خیموں اور خوراک کی فراہمی سمیت دیگر ضروری اقدامات اٹھائے تاکہ انسانی بحران پیدا نہ ہو جبکہ سیلاب سے فصلوں کو نقصانات سے بچانے کیلئے بھی تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں تاکہ کسانوں کو مالی نقصان نہ ہو جبکہ کاشت کاری بھی زیادہ متاثر نہ ہو۔

CamScanner